16-09-2025 TUESDAY URDU NEWS BULETTIN 17.50 HRS

سرخیاں

1۔ریاستی وزیرزراعت نے جاری خریف سیزن کے دوران دولاکھ ٹن یوریا کی کمی کو پورا کرنے کے لیے مرکز سےفوری مداخلت کی اپیل کی۔

2۔مرکزی وزیرکوئلہ کشن ریڈی کا کہنا ہے کہ تمام کان کنی کارکنوں کے لیےایک کروڑ روپے کی یکساں بیمہ اسکیم کل سے نافذ ہوجائے گی۔

3۔خواتین اور بچوں کی بہبود کی وزیرڈاکٹر سیتااکا نے خواتین کے سیلف ہیلپ گروپس (SHGs) کی طرز پرنوعمرلڑکیوں کی انجمنیں بنانے کی ضرورت پرزوردیا۔

4۔مرکزی زراعت اورکسانوں کی بہبود کے وزیرشیوراج سنگھ چوہان نے اعلان کیا کہ 2025-26 ربیع سیزن کے لیے اناج کی پیداوار کا قومی ہدف 362.50 ملین ٹن مقرر کیا گیا ہے۔

TUMMALA

ریاستی وزیرزراعت تمالا ناگیشورراؤ نے مرکزی وزیرمملکت برائے فرٹیلائزر اینڈ کیمیکل انوپریہ پٹیل سے آج نئی دہلی میں ملاقات کی۔۔ اجلاس کے دوران وزیرزراعت نے جاری خریف سیزن کے دوران دولاکھ ٹن یوریا کی کمی کو پورا کرنے کے لیےفوری مداخلت پرزوردیا۔ انہوں نے اپیل کی کہ کمی کواسی ماہ کے اندر پورا کیا جائے۔اپیل کا جواب دیتے ہوئے مرکزی وزیرانوپریہ پٹیل نے یقین دلایا کہ مرکز تلنگانہ کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے پابند عہد ہے۔انہوں نے وضاحت کی کہ موجودہ سپلائی میں رکاوٹیں زیادہ تر جغرافیائی سیاسی عوامل کی وجہ سے ہیں اوریقین دلایا کہ ریاست کوجلدازجلد مناسب مقدار میں یوریا فراہم کیا جائے گا،ایک سرکاری بیان میں یہ بات کہی گئی۔

MINING

مرکزی وزیرکوئلہ اورکانکنی کشن ریڈی نے آج کہا کہ کان کنی کے کارکنوں کے لیے ایک کروڑ روپے کی یکساں بیمہ اسکیم کل سے نافذ ہو جائے گی۔حیدرآباد میں نیشنل کریٹیکل منرل مشن کے ایک حصے کے طور پر منعقدہ سنٹرس آف ایکسی لینس پر سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی وزیرنے کہا کہ وزیراعظم نریندرمودی کی سالگرہ کے موقع پر یہ اسکیم شروع کی جارہی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ کان کنی کے کارکنوں کے لیے ایکس گریشیا کو بھی بڑھا کر 25 لاکھ روپے کیا جائے گا۔انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ ساحل پر معدنیات کی تلاش کے لئے آنے والے 3 سالوں میں ملک کے لیے اچھے نتائج برآمد ہوں گے۔

Byte Kishan reddy

وزیرموصوف نے مزید کہا کہ مرکزی حکومت ملک میں اہم معدنیات کی تلاش کے لیے 32 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ خرچ کررہی ہے۔ اس موقع پروزیرنے اہم معدنی کانوں کی نیلامی کی چھٹی قسط کا بھی افتتاح کیا۔

PROGRAMME

یاستی سطح پر نوعمر لڑکیوں کو بااختیار بنانے۔ حفاظت، صحت، غذائیت، پر بیداری کا پروگرام کا آج حیدرآباد کے بیگم پیٹ کے پرجا بھون میں آغاز کیا گیا۔ SERP کے زیر اہتمام محکمہ خواتین اور اطفال کی ترقی اور یونیسیف کے اشتراک سے اس پروگرام میں پورے تلنگانہ سے DRDOS، اڈیشنل DRDOS اور DWOs کو اکٹھا کیا گیا۔ ریاستی خواتین اور بچوں کی بہبود کی وزیر سیتا اکا نے پروگرام کا افتتاح کیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بااختیار بنانا مواقع اور بیداری کے تحت آتا ہے۔ وزیر نے خواتین کے سیلف ہیلپ گروپس (SHGs) کی طرز پر نوعمر لڑکیوں کی انجمنیں بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ انجمنیں تحفظ، غذائیت، صحت، ہنرمندی کی تربیت اور روزگار کے مسائل کو حل کرنے میں مدد کریں گی جبکہ آگاہی اور مدد کے لیے ایک پلیٹ فارم مہیا کرے گی۔ انہوں نے DRDOs اور DWOs پر زور دیا کہ وہ گاؤں کی سطح پر ایسے گروپس بنانے کے لیے فعال طور پر کام کریں اور انہیں موجودہ SHGs سے جوڑیں۔

PONNAM

ریاستی وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے۔ آج حیدرآباد میں ایم جی بی ایس میٹرو اسٹیشن پر ایک نئے پاسپورٹ سیوا کیندر (PSK) کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر پربھاکر نے کہا کہ تلنگانہ پاسپورٹ جاری کرنے میں ملک کی پانچویں اعلیٰ ترین ریاست کے طور پر ابھری ہے، جہاں روزانہ تقریباً 4500 پاسپورٹ پر کارروائی کرنے کی گنجائش ہے۔ انہوں نے ایم جی بی ایس سنٹر کی صلاحیت کو 750 سے بڑھا کر 1200 سلاٹ کرنے کا مشورہ دیا۔ وزیر نے اس بات پر زور دیا کہ پاسپورٹ بھی اتنا ہی ضروری ہے جتنا کہ آدھار۔ انہوں نے کہا کہ ایم جی بی ایس سینٹر سے مختلف اضلاع کے لوگوں کو فائدہ پہنچے گا جو میٹرو اور بس کی سہولیات کے ذریعے آسان رسائی فراہم کرتے ہیں۔ انہوں نے عملہ پر زور دیا کہ وہ درخواست دہندگان سے خوش اخلاقی سے پیش آئیں اور محکمہ پولیس پر زور دیا کہ وہ تصدیق کو تیز کرے تاکہ پاسپورٹ جلد جاری کیے جاسکیں۔

ADD PONNAM

ریاستی وزیر آئی ٹی سریدھر بابو نے مرکزی حکومت پر زور دیا کہ وہ حیدرآباد میں ایک اور پاسپورٹ سیوا کیندر (PSK) قائم کرے تاکہ شہریوں کی بڑھتی ہوئی مانگ کو پورا کیا جاسکے۔ وہ نیو۔ رائے درگم پاسپورٹ سیوا کیندر کے افتتاح کے موقع پر خطاب کررہے تھے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ حیدرآباد تمام سمتوں میں تیزی سے پھیل رہا ہے اور شہر کی آبادی میں مسلسل اضافہ کے ساتھ پاسپورٹ کے شعبے میں توسیع کی ضرورت ہے۔

SHAH DRUGS

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج نئی دہلی میں ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے سربراہان انسداد منشیات ٹاسک فورس (ANTF) کی دوسری قومی کانفرنس کا افتتاح کیا۔۔ اس کانفرنس میں اسٹیک ہولڈرز کے علاوہ انسداد منشیات ٹاسک فورس کے 36 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے سربراہان شرکت کررہے ہیں۔ دو روزہ کانفرنس منشیات سے پاک ہندوستان کے لیے وزیر

اعظم نریندر مودی کے عزم کو تقویت دینے اور اس مقصد کو حاصل کرنے کے لیے ایک روڈ میپ تیار کرنے کے لیے ایک اسٹریٹجک پلیٹ فارم کے طور پر کام کرے گی۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے شاہ نے بتایا کہ منشیات سے پاک ہندوستان مہم اس وقت ملک بھر کے 372 اضلاع میں چلائی جارہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ دس کروڑ لوگ اور تین لاکھ تعلیمی ادارے اس مہم سے وابستہ ہیں۔

Byte Amith shah

CM

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آج بصارت سے محروم طلباء میں موسیقی کے آلات تقسیم کئے۔ وزراء پونم پربھاکر اور اڈلوری لکشمن کے ساتھ وزیراعلیٰ نے کریم نگر ضلع بہبود محکمہ کے ذریعہ پیش کردہ موسیقی کی تربیت حاصل کرنے والے طلباء کو موسیقی کے آلات پیش کئے۔ طلباء نے گانے گا کر وزیراعلیٰ اور وزراء کو بھی متاثر کیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ نے طلباء کے گائے ہوئے گانوں کی سی ڈی بھی جاری کی۔

LIBERATION DAY

مرکزی وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ 1948 میں حیدرآباد کے ہندوستان میں انضمام کی تقریبات کے سلسلے میں کل سکندرآباد چھاؤنی کے پکٹ پبلک گارڈن میں سابق وزیراعظم اٹل بہاری واجپائی کے مجسمہ کی نقاب کشائی کرنے والے ہیں۔ مرکز کے ذریعہ حیدرآباد لبریشن ڈے کے طور پر منایا جارہا ہے۔ سکندرآباد کنٹونمنٹ بورڈ کے سی ای او مدھوکر نائک کے مطابق راج ناتھ سنگھ پریڈ گراؤنڈ میں حیدرآباد لبریشن ڈے پریڈ میں شرکت کریں گے اور بعد میں اٹل بہاری واجپائی کے مجسمے کی نقاب کشائی کریں گے۔ یہ شہر میں کسی سینئر بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) لیڈر کا پہلا مجسمہ ہوگا جس کی نقاب کشائی کی جائے گی۔ ریاستی بی جے پی صدر این رام چندر راؤ نے کہا کہ مرکز 'حیدرآباد لبریشن ڈے' کا اہتمام کرے گا کیونکہ پچھلی بی آر ایس اور کانگریس حکومتوں نے اس موقع کو سرکاری طور پر نہیں منایا تھا۔

RABI

مرکزی زراعت اور کسانوں کی بہبود کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے اعلان کیا کہ 2025-26 ربیع کے سیزن کے لیے اناج کی پیداوار کا قومی ہدف 362.50 ملین ٹن مقرر کیا گیا ہے۔ چوہان نے نئی دہلی میں ایک پریس کانفرنس میں اس بات کا اعلان کیا جب انہوں نے زراعت ربیع مہم 2025 پر قومی کانفرنس کے دوران ریاستی زراعت کے وزراء کے ساتھ بات چیت کی صدارت کی۔ انہوں نے یقین دلایا کہ ملک کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے مناسب بیج کا ذخیرہ موجود ہے۔

WEATHER

موسمیاتی مرکز نے آج کہا کہ آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ کے عادل آباد، نرمل، نظام آباد، جگتیال، سنگاریڈی، میدک اور کاماریڈی اضلاع میں الگ الگ مقامات پر موسلا دھار بارش کا امکان ہے۔ میٹرولواجیکل سنٹر کے مطابق کل اسی طرح کے حالات وقارآباد، سنگاریڈی، میدک اور کاماریڈی اضلاع میں متوقع ہیں۔ محکمہ کی جانب سے مزید خبردار کیا گیا ہے کہ اگلے پانچ دنوں کے دوران تمام اضلاع میں الگ الگ مقامات پر گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ تلنگانہ میں اب تک جنوب مغربی مانسون معمول

کے مطابق رہا ہے۔گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران میدک میں چند مقامات پراور منچیر یال، جگتیال اور کمارم بھیم اضلاع میں الگ الگ مقامات پر بھاری بارش ریکارڈ کی گئی۔۔

OZONE DAY

ماحولیات، جنگلات اور موسمیاتی تبدیلی کے وزیر کے بھو پیندر یادو نے آج کہا کہ ہندوستان۔کولنگ ایکشن پلان رکھنے والے دنیا کے پہلے ممالک میں سے ایک بن گیا ہے۔ایک ویڈیو پیغام میں، نئی دہلی میں 31 ویں عالمی اوزون ڈے کی تقریب کے دوران، یادو نے ذکر کیا کہ ہندوستان نے ہائیڈروفلورو کاربن کی پیداوار اور استعمال میں 67.5 فیصد کمی حاصل کرنے میں کامیابی حاصل کی۔ وزارت میں سکریٹری تنمے کمار نے کہا کہ لوگوں کو خلل ڈالنے والی کھپت سے ہٹ کر وسائل کے صحیح استعمال کی طرف توجہ دینی چاہیے۔سائنس سے گلوبل ایکشن تک کے موضوع پر ہونے والے اس پروگرام میں ملک بھر سے طلباء اور مندوبین نے شرکت کی۔

PROTEST

تلنگانہ جاگروتی کے ارکان نے آج حیدرآباد کے ناملی میں تلنگانہ پبلک سروس کمیشن کے سامنے احتجاج کیا۔مظاہرین نے TGPSC دفتر کا محاصرہ کیا اور حکومت کے خلاف نعرے لگائے۔انہوں نے TGPSC گروپ 1 کے امیدواروں کے لئے انصاف کا مطالبہ کیا۔ احتجاجی پروگرام کے پیش نظرٹی جی پی ایس سی دفتر پر بھاری پولیس تعینات تھی۔